محمد ارشد علی فاروقی ڈائریکٹر ایڈمن تعینات

لاہور،—پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے محمد ارشد علی فاروقی کو ڈائریکٹر ایڈمن کے عہدے پر تعینات کر دیا ہے۔ ان کی یہ تعیناتی پیشہ ورانہ مہارت، انتظامی صلاحیتوں اور محکمہ کے ساتھ دیرینہ وابستگی کے اعتراف میں کی گئی ہے۔ محمد ارشد علی فاروقی ایک تجربہ کار افسر ہیں جنہوں نے مختلف انتظامی و قانونی شعبہ جات میں مؤثر خدمات انجام دی ہیں۔
ڈائریکٹر ایڈمن کی حیثیت سے وہ پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کے انتظامی امور کی نگرانی اور اصلاحات میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے اس موقع پر ”کہا کہ،“ ہمیں یقین ہے کہ محمد ارشد علی فاروقی اپنی صلاحیتوں اور تجربے سے محکمہ پراسیکیوشن کو مزید مؤثر اور فعال بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔
نئی ذمہ داری سنبھالنے پر محمد ارشد علی فاروقی نے اس اعتماد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ انصاف کی فراہمی اور محکمہ کی بہتری کے لیے پوری لگن سے خدمات انجام دیں گے